ریڈر کو 9 سے قبل شروع ہو. "اپ استعمال چوبی" یا "تکمہ" کے کلیدی شعبوں کے ذریعے حرکت اور چوبی میری بیٹی کو مارک چیک ہے. مکمل ہونے کے بعد گزشتہ فیلڈ کو بچانے کے لکھتم کو سخت بنانے دھکلنا - 3 یا مستقبل کے لیے کلک کریں بوتام پرنٹ ہے. adobe اپ ڈیٹ

Illinois State Board of Education

شکایتی درخواست برائے ریاستی خصوصی تعلیم

ریاستی تفتیش برائے شکایت

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت درج کرنے کے طریقہ کار کو وفاقی ضوابط کے کوڈ 34 CFR 300.151-34 CFR 300.153 اور ریاست الینوائے کے انتظامی کوڈ 23 IAC 226.570 میں مقرر کیا گیا ہے۔

مندرجہ ذیل کے ذریعے وفاقی ضوابط تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے https://www.ecfr.gov/cgi-bin/text-idx?tpl=/ecfrbrowse/Title34/34cfr300_main_02.tpl

ریاستی ضوابط تک رسائی https://www.isbe.net/Documents/226ark.pdf پر کی جا سکتی ہے

درخواست فارم

وفاقی ضوابط 34 CFR 300.509 کے مطابق، یہ فارم والدین اور دیگر فریقین کے لیے ریاستی خصوصی تعلیم کے بارے میں شکایت درج کرنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس فارم کا استعمال تجویز کردہ ہے، مگر درکار نہیں ہے۔ تاہم، تفتیش میں پیشرفت سے قبل اس فارم میں درخواست کی گئی تمام معلومات کو مہیا کرنا ضروری ہے۔ اگر کوئی درکار معلومات غائب ہوئی، تو شکایت کی پیشرفت میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

شکایت کی اقسام

شکایت برائے ریاستی خصوصی تعلیم ایک مخصوص بچے کی طرف سے، یا بچوں کے ایک گروپ کی طرف سے درج کی جا سکتی ہے۔ بچوں کے گروپ کی طرف سے شکایت کو نظامی شکایت کے طور پر جانا جاتا ہے۔

اسکول ڈسٹرکٹ کے لیے شکایت کی نقل

34 CFR 300.153(d) کے مطابق، وہ فریق جو شکایت درج کر رہا ہے اسے اسکول ڈسٹرکٹ کو شکایت کی نقل ارسال کرنے کی ضرورت ہے جو اسی وقت بچے کے لیے خدمت انجام دے رہا ہے جب فریق نے اس ایجنسی کے پاس شکایت درج کروائی ہے۔

معاونتی دستاویزات

اگر دستیاب ہوں، تو براہ کرم اس درخواست میں لگائے گئے الزامات سے متعلق وہ معاونتی دستاویزات فراہم کریں جو فائدہ مند ہو سکتی ہیں، جیسا کہ انفرادیت پر مبنی موجودہ تعلیمی پروگرام (IEP)، شکایت میں موجود مسائل سے متعلقہ خط و کتابت (جیسا کہ ای میلز، خطوط) کی نقل، وغیرہ۔

رضامندی

والد/والدہ/سرپرست کے علاوہ کسی فرد کی جانب سے ایک مخصوص بچے کے بارے میں دائر کردہ شکایات کے ساتھ والد/والدہ/سرپرست کی طرف سے رضامندی کا خط برائے الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) منسلک ہونا ضروری ہے تاکہ شکایت کنندہ کے ساتھ شکایت کی تفتیش کے نتائج کے بارے میں معلومات کا اشتراک کیا جا سکے۔ اسی طرح، اگر کوئی فرد ایک ایسے طالب علم کی طرف سے شکایت درج کرتا ہے جو بلوغت کی عمر (18 سال یا اس سے زائد کی عمر) کو پہنچ گیا ہے، تو درخواست کے ساتھ طالب علم کی طرف سے رضامندی کے خط کا منسلک ہونا لازم ہے تاکہ ISBE شکایت کنندہ کے ساتھ شکایت کی تفتیش کے نتائج کے بارے میں معلومات کا اشتراک کر سکے۔ اجازتی فارم https://www.isbe.net/Documents/34-26-share-complaint-info.pdf پر دستیاب ہے

فوری حل

شکایت کی تفتیش مکمل ہونے میں 60 دن تک کا وقت لگتا ہے اور، اس لیے، والدین اور اسکول ڈسٹرکٹس کی کوئی فوری حل نکالنے میں شامل ہونے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ فوری حل ڈسٹرکٹس اور والدین کے لیے مقامی سطح پر شکایات کا حل نکالنے کا ایک غیر رسمی ذریعہ ہے۔ شکایت کے طریقہ ہائے کار کا حصہ ہونے کے ناطے، اسکول ڈسٹرکٹ کے پاس یہ موقع ہے کہ وہ شکایت میں موجود مسائل کا حل فراہم کرے۔ اس کے علاوہ، والد/والدہ(والدین) اور اسکول ڈسٹرکٹ تشویش کی وجوہات کو حل کرنے کے لیے ریاست کی طرف سے پیش کردہ IEP سہولت یا ثالثی میں شامل ہو سکتے ہیں۔

IEP سہولت—https://www.isbe.net/Pages/IEP-Facilitation-System.aspx

ریاست کی طرف سے پیش کردہ IEP سہولت ایک مفت خدمت ہے جو ڈسٹرکٹس اور معذوری کے شکار طلباء کے والدین کو پیش کی جاتی ہے۔ IEP سہولت کے عمل کا مقصد مؤثر رابطے کی ترویج اور تنازعات کی روک تھام ہے۔ مقدمے کے لیے ثالث کی تقرری سے پہلے دونوں فریقین کو اس بات پر اتفاق کرنے کی ضرورت ہو گی کہ IEP ملاقات میں IEP کی ترویج کے لیے ایک غیر جانب دار ثالث کی موجودگی اہم ہو گی۔

ثالثی—https://www.isbe.net/Pages/Special-Education-State-Sponsored-Mediation.aspx

الینوائے کی ثالثی خدمات کا انتظام اور نگرانی ریاست الینوائے کے تعلیمی بورڈ کی طرف سے کی جاتی ہے اور یہ فریقین کو بلا معاوضہ فراہم کی جاتی ہیں۔ ثالثی:

1. خصوصی تعلیمی خدمات، تعیناتی اور الینوائے کے عوامی اسکولز میں اندراج کردہ بچوں سے متعلقہ خدمات کے بارے میں اختلافات کو حل کرنے کے ذریعے کے طور پر مرتب کی گئی ہے؛ اور
2. اس وقت فراہم کی جائے گی جب اختلاف کا شکار دونوں فریقین ثالثی کے عمل میں شامل ہونے پر رضاکارانہ طور پر اتفاق کریں۔

اگر فریقین ریاست کی پیش کردہ IEP سہولت یا ثالثی میں شامل ہونے کی خواہش کریں، تو براہ کرم مناسب درخواست فارم تک رسائی کے لیے اور مسئلے کے حل سے متعلقہ ان اختیارات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے متعلقہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

شکایت کی تفتیش کی ٹائم لائنز

- مبینہ خلاف ورزیاں—وفاقی ضوابط کے مطابق صرف ان مبینہ خلاف ورزیوں کی تفتیش کی جانی چاہیئے جو شکایت کے موصول ہونے کی تاریخ سے **قبل ایک سال کے اندر اندر** وقوع پذیر ہوئی ہوں۔ اس تاریخ سے قبل پیش آنے والے کوئی بھی مسائل تفتیشی عمل کا حصہ نہیں بنیں گے۔ **شکاگو پبلک**
- **اسکول (CPS) ضلع #299** میں اندراج کردہ کوئی بھی طالب علم، اور وہ جن کے لیے تعلیمی سال **2017-2016** یا **2018-2017** میں ریاستی تعلیمی بورڈ کی طرف سے غیر قانونی کے طور پر شناخت کی گئی پالیسیوں اور طریقہ ہائے کاروں کو اختیار کرنے کی وجہ سے مناسب خصوصی تعلیم یا متعلقہ خدمات کی فراہمی میں تاخیر برتی گئی ہو یا مسترد کر دی گئی ہوں، **30 ستمبر، 2022** پر یا اس سے پہلے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

  ان شکایات میں زیر موضوع مسائل مندرجہ ذیل خدشات پر لاگو ہوں گے جیسا کہ عوامی تفتیش کی حتمی رپورٹ میں بیان کیا گیا ہے:
  - منتقلی
  - نیم پیشہ ورانہ خدمات
  - اسپیسیفک لرننگ ڈس ایبیلیٹی (SLD) کی اہلیت
  - تھراپی سے متعلقہ دن کی تقرریاں
  - توسیعی تعلیمی سال (ESY) کی خدمات
- تفتیش—وفاقی ضوابط کے مطابق شکایات کی تفتیش، اور نتائج کی شناخت 60 دن کے اندر کی جانی چاہیئے، ماسوائے اس صورت میں کہ جب غیر معمولی صورت حالوں کی وجہ سے مکمل طور پر تفتیش اور شکایت کے حل کے لیے وقت میں توسیع کی ضرورت ہو۔ ایسی توسیعات کا تعین انفرادی بنیاد پر شکایت کے تفتیش کار کی جانب سے کیا جائے گا۔
- توسیعات—اگر شامل فریقین تفتیش کے لیے 60 دن کی ٹائم لائن میں توسیع پر اتفاق کرتے ہیں تو توسیع لازمی طور پر عنایت کی جائے گی تاکہ وہ شکایت میں شناخت کردہ مسائل کو حل کرنے کے لیے ریاست کی پیش کردہ ثالثی میں شامل ہو سکیں۔

شکایت کی تفتیش کا عمل

خصوصی تعلیمی شرائط کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتی ایسی تحریری، دستخط شدہ شکایت جس میں وہ حقائق شامل ہوں جن پر شکایت مبنی ہے، موصول ہونے پر، ISBE تفتیش کا اہتمام کرے گا اور اسکول ڈسٹرکٹ اور شکایت درج کروانے والے شخص یا ایجنسی کو نتائج کی تحریری رپورٹ فراہم کرے گا۔ اگر ایک یا زائد خلاف ورزیاں پائی گئیں، تو رپورٹ میں درستگی کی کارروائیاں اور ٹائم لائنز شامل ہوں گی جن پر اسکول ڈسٹرکٹ کو عمل کرنا ہو گا۔ شکایت کے تحریری فیصلے کے لیے کوئی رسمی اپیل نہیں ہے۔

مجوزہ حل

تحریری شکایت کے اندر شکایت میں شناخت کردہ مسئلے کے مجوزہ حل کا شامل ہونا لازمی ہے۔ اگر اسکول ڈسٹرکٹ کی طرف سے کسی درستگی کی کارروائی کی ضرورت ہوئی تو مجوزہ حل پر غور کیا جائے گا۔ تاہم، درستگی کی کارروائیوں پر آخری فیصلے کا تعین ISBE کی طرف سے کیا جائے گا۔

درستگی کی کارروائیاں

شکایت کے عمل کو خصوصی تعلیم کے ضوابط کے طریقہ کار میں عدم تعمیل کی شناخت اور درستگی کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔ یہ قابل سزا نہیں ہے اور اس کا نتیجہ عملے کے انفرادی اراکین کے خلاف تادیبی کارروائی کی صورت میں نہیں نکلے گا۔

دائرہ کار

یہ محکمہ صرف خصوصی تعلیم سے متعلقہ الزامات کی تفتیش کے لیے مجاز کردہ ہے۔ محکمہ خصوصی تعلیم ان شکایات کی تفتیش کا مجاز **نہیں ہے** جو خاص طور پر ریاست اور/یا وفاقی خصوصی تعلیم کے قواعد اور ضوابط سے متعلقہ نہ ہوں، جیسا کہ:

- بدسلوکی/غفلت—اگر آپ کو شک ہے کہ کسی بچے کو نقصان پہنچایا گیا ہے یا وہ بدسلوکی یا اسے غفلت کے ذریعے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ لاحق ہے، تو بچوں کے خلاف بدسلوکی کی 24 گھنٹے دستیاب ہاٹ لائن ABUSE-25-800 (252-2873/800) پر کال کریں۔
- سیکشن 504/امتیازی سلوک، ہراساں کرنا، اور/یا مزاحمت—ایسے مسائل کو U. S. کے محکمہ تعلیم کے آفس فار سول رائٹس (OCR) کے ذریعے 730-1560/312 پر حل کیا جانا چاہیئے۔
- مقامی معاملات (جیسا کہ عملے کا رویہ، سکھانے/تدریس کا طریقہ، عمومی تعلیمی ضوابط، غنڈہ گردی کرنا، وغیرہ)—ان خدشات کو اسکول کے مقامی ضلعے کے منتظمین اور/یا مقامی تعلیمی بورڈ، یا ریجنل آفس آف ایجوکیشن (ROE) کے ذریعے حل کرنا لازم ہے۔ ROEs کی ڈائریکٹری https://www.isbe.net/roe پر دستیاب ہے۔
- تعلیمی ریکارڈز کا مواد اور درستگی—الینوائے کے انتظامی کوڈ 23 IAC 375.90 کے مطابق، والدین کو اسکول کے طالب علم کے ریکارڈز میں کسی بھی قسم کے اندراج (تعلیمی درجات کے علاوہ) کو چیلنج کرنے کے لیے سنوائی کا حق حاصل ہے۔ اس معاملے میں اسکول کے پاس ایک تحریری درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔
- ثالثی معاہدے کا نفاذ—وفاقی ضابطے 34 CFR 300.506(b)(7) کے مطابق، ثالثی کا ایک دستخط شدہ تحریری معاہدہ ریاست کی عدالت یا U.S. ضلعی عدالت میں قابل نفاذ ہے۔
- سنوائی کے مقررہ عمل کے فیصلے کا نفاذ— سنوائی کے فیصلے کے نفاذ کے حوالے سے ISBE کے سنوائی کے مقررہ عمل کے کوآرڈینیٹر سے 782-5589/217 یا 6663-262/866 پر رابطہ کریں۔

مددگار تجاویز

- شکایت درج کروانے سے پہلے، براہ کرم پچھلے صفحوں پر دی گئی معلومات کو دھیان سے پڑھیں۔
- فارم کے صفحات 4 اور 5 پر تمام سیکشنز کو مکمل کریں۔ اس فارم میں درخواست کی گئی تمام معلومات کی فراہمی میں ناکامی، تفتیش کے آغاز میں تاخیر کا باعث بن سکتی ہے۔
- بالکل واضح رہیں۔ آپ کو واضح طور پر یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہے کہ کون سے قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے، لیکن آپ کو یہ وضاحت کرنا ہو گی کہ آپ کے مطابق اسکول سے کہاں غلطی ہوئی ہے اور یہ بیان کرنا ہو گا کہ ایسا کیا ہوا جس نے آپ کو یہ ماننے پر مجبور کیا کہ اسکول نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے۔ مثال کے طور پر:
  - اسکول میرے بچے کے IEP پر عمل نہیں کر رہا۔ IEP کے مطابق اسے کلاس روم میں آگے بٹھایا جائے گا، لیکن جب میں نے اس کی کلاس کا دورا کیا، تو وہ کلاس روم میں پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔

- ○ 23 اکتوبر کو، میری بچی کو اس کے سائنس ٹیسٹ میں اضافی وقت کی اجازت نہیں دی گئی۔
- اپنے الزامات کی معاونت کے لیے متعلقہ دستاویزات مہیا کریں۔

وسائل

- تنازع کا موثر تصفیہ: https://www.isbe.net/Pages/Special-Education-Effective-Dispute-Resolution.aspx
- والد/والدہ کی رہنمائی—تعلیمی حقوق اور ذمہ داریاں: الینوائے میں خصوصی تعلیم کو سمجھنا: https://www.isbe.net/Documents/Parent-Guide-Special-Ed-Aug20.pdf
- مرکز برائے خصوصی تعلیم میں تنازع کا موزوں تصفیہ (CADRE): https://www.cadreworks.org/

شکایت کی چیک لسٹ

- ☐ آپ اپنا نام، ایڈریس، اور رابطے کی معلومات فراہم کر چکے ہیں۔
- ☐ آپ طالب علم کا نام، رابطے کی معلومات، اور اسکول کے ضلعے اور اس اسکول کا نام فراہم کر چکے ہیں جس میں طالب علم جاتا ہے۔
- ☐ مبینہ خلاف ورزی(خلاف ورزیاں) کب، کہاں، اور کیسے ہوئیں آپ اس بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کر چکے ہیں۔
- ☐ آپ مسئلے کا مجوزہ حل فراہم کر چکے ہیں۔
- ☐ آپ شکایت پر دستخط کر چکے ہیں۔
- ☐ آپ اپنی شکایت کے صفحات 4 اور 5 اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھیج چکے ہیں کہ ISBE اس شکایت کو مبینہ خلاف ورزی کے بعد ایک سال کے اندر اندر موصول کر لے، ماسوائے اس وقت کے کہ آپ CPS #299 کے خلاف شکایت درج کر رہے ہوں (مزید معلومات کے لیے صفحہ 2 پر شکایت کی تفتیش کی ٹائم لائنز کو دیکھیں)۔
- ☐ آپ نے اپنی شکایت کی نقل اس عوامی ایجنسی کو فراہم کر دی ہے جس کے خلاف آپ شکایت درج کر رہے ہیں۔

درخواستِ شکایت برائے ریاستی خصوصی تعلیم

ریاست الینوائے کا تعلیمی بورڈ—محکمہ خصوصی تعلیم

یہ فارم تب استعمال کیا جا سکتا ہے جب ایک فرد یا تنظیم کو اس بات کا یقین ہو کہ اسکول ڈسٹرکٹ نے معذور افراد کی تعلیم کے ایکٹ (IDEA) یا اس کے نافذ العمل ضوابط (34 CFR)، الینوائے اسکول کوڈ کے آرٹیکل 14، اور/یا الینوائے انتظامی کوڈ کے عنوان 23 (حصہ 226) کے تحت خصوصی تعلیم کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔ اس فارم کا استعمال اختیاری ہے، لیکن شکایت پر عمل کے لیے تمام معلومات درکار ہیں۔

خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کی تفتیش کے عمل یا اس فارم کو مکمل کرنے میں معاونت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم محکمہ خصوصی تعلیم سے 5589-782/217 پر رابطہ کریں۔ خصوصی تعلیم سے متعلق شکایت کی تفتیش کے عمل کے بارے میں اضافی معلومات یہاں دستیاب ہیں:

https://www.isbe.net/Pages/Special-Education-Complaint-Investigation-Process.aspx

ریاست الینوائے کا تعلیمی بورڈ، محکمہ خصوصی تعلیم صرف خصوصی تعلیم سے متعلقہ الزامات کی تفتیش کے لیے مجاز کردہ ہے۔

شکایت کنندہ کی معلومات:

نام/تنظیم*:

ایڈریس*:

شہر: ریاست: زپ کوڈ:

دن کے وقت رابطے کے لیے بہترین فون نمبر*:
☐گھر ☐کام ☐موبائل

ای میل ایڈریس:
☐ای میل کے ذریعے خط و کتابت موصول کرنے کے لیے یہاں نشان لگائیں۔

طالب علم سے تعلق:☐والد/والدہ/سرپرست ☐ایڈووکیٹ ☐وکیل ☐دیگر:

بنیادی زبان/رابطے کا ذریعہ:

طالب علم کی معلومات [اگر مبینہ خلاف ورزیاں کسی مخصوص بچے سے متعلق ہیں تو درکار ہیں]:

نام*:

ایڈریس*:

شہر: ریاست: زپ کوڈ:

تاریخ پیدائش: نسل/قومیت: معذوری:

SIS ID: درجہ: جنس:

کیا طالب علم کے پاس IEP ہے؟ ☐جی ہاں ☐جی نہیں

کسی بے گھر بچے یا نوجوان کی صورت میں، براہ کرم بچے کی دستیاب معلومات اور بچہ جس اسکول میں جاتا ہے اس کا نام فراہم کریں۔

ڈسٹرکٹ کی معلومات:

کیا بچہ موجودہ طور پر اسکول میں اندراج شدہ ہے؟ ☐جی ہاں ☐جی نہیں

اس ضلعے/اسکول کا نام جس میں بچہ موجودہ طور پر جاتا ہے:
[اگر مبینہ خلاف ورزیاں کسی مخصوص بچے سے متعلق ہیں تو درکار ہیں]

اس ضلعے/اسکول کا نام جہاں مبینہ خلاف ورزی(خلاف ورزیاں) وقوع پذیر ہوئیں:

شکایت کی معلومات:

مبینہ خلاف ورزی(خلاف ورزیوں) کی تاریخ(تواریخ)* [ISBE کو شکایت موصول ہونے کی تاریخ سے قبل ایک سال سے زیادہ نہ ہو، ماسوائے اس کے کہ یہ شکایت CPS #299 کے خلاف ہو (صفحہ 2 پر شکایت کی تفتیش کی ٹائم لائن دیکھیں)۔]

مبینہ خلاف ورزی(خلاف ورزیوں) اور معاونتی حقائق کی تفصیل* [مثلاً، متعلقہ تواریخ، واقعات کی ترتیب، ملوث افراد کے نام/ٹائٹلز، مسئلے کی نوعیت سے متعلق حقائق، اس بارے میں معلومات کہ ڈسٹرکٹ کیسے خصوصی تعلیم کی شرائط پر پورا اترنے میں ناکام رہا] (اگر ضرورت ہو تو اضافی صفحات منسلک کریں۔)

مجوزہ حل کی تفصیل [مثلاً، IEP ٹیم کی ایک ملاقات منعقد کریں، عملے کی تربیت کریں، بامعاوضہ تعلیمی خدمات فراہم کریں، وغیرہ۔] (اگر ضرورت ہو تو اضافی صفحات منسلک کریں)

براہ کرم ان افراد کی شناخت کریں جن سے آپ نے اس شکایت میں شناخت کیے گئے خدشات کو حل کرنے کے لیے رابطہ کیا ہے۔

نام: ٹائٹل:

نام: ٹائٹل:

نام: ٹائٹل:

شکایت درج کرنے سے پہلے مسئلے(مسائل) کو حل کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کی تفصیل اور نتیجہ:

کیا اس شکایت میں مسئلے(مسائل) سے متعلق ثالثی، IEP سہولت، یا مقررہ عمل کی درخواست کی گئی ہے؟

☐ جی ہاں ☐ جی نہیں

کیا آپ اس شکایت میں موجود مسئلے(مسائل) کے حل کی کوشش کے لیے ریاست کی طرف سے پیش کردہ ثالثی یا IEP سہولت میں شامل ہونے میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ (مسئلے کے حل کے مراحل سے متعلق مزید معلومات کے لیے اس دستاویز کے صفحات 1-2 پر فوری تصفیہ کو دیکھیں۔)

☐ جی ہاں ☐ جی نہیں

وہ فریق جو شکایت درج کر رہا ہے اس پر لازم ہے کہ اسکول ڈسٹرکٹ یا اس عوامی ایجنسی کو شکایت کی نقل ارسال کرے جو اسی وقت بچے کے لیے خدمات انجام دے رہا ہے جب فریق نے ISBE کے پاس شکایت درج کروائی ہے۔*

شکایت کنندہ کے دستخط*: تاریخ:

*تفتیش کا آغاز کیے جانے کے لیے معلومات کی ضرورت ہے۔

مکمل کردہ فارم اور کسی متعلقہ دستاویزات کی نقول میل، فیکس، یا ای میل کی جا سکتی ہیں بنام:

ریاست الینوائے کا تعلیمی بورڈ
محکمہ خصوصی تعلیم
توجہ فرمائیں: شکایتی کوآرڈینیٹر
North First Street 100
62777-0001 Springfield, IL
(فیکس) 782-0372/217
statecomplaints@isbe.net

واضح شکل | پرنٹ